# Key Book

**Class**: ___Five_______________ **Subject**: _Urdu_______

**سبق نمبر ا: حمد۔**

تفہیم

ا۔ ان سوالات کے مختصر جوابات دیں:

الف۔ زمین۔ آسمان۔ پھول۔ سورج۔ مکان۔ چڑیاں۔ آب رواں ۔ مچھلی ۔ بیل بوٹے ۔ گلستاں

ب۔ کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرتی ہیں۔

ج۔ اسماعیل میرٹھی

الفاظ سازی

2۔ مصرے مکمل کریں۔

ا۔ کیا خوش نما اگائے

ب۔ کیا گلستاں بنایا

ج۔ پھرتی ہیں جو چہکتی

د۔ آب رواں بنایا

ہ۔ کب رائیگاں بنایا

3۔ دیے گئے الفاظ پر اعراب لگائیں۔

خَلعَت ۔ خُوش نُما ۔ رَونَق ۔ قُدرَت ۔ نِعمَتُوں

مثال کے مطابق معمے میں سے الفاظ تلاش کریں اور لکھیں۔

ا۔ میسر 2۔ گلستاں 3۔ بیل 4۔ رونق 5۔ خلعت

زبان دانی

4۔ دیے گئے الفاظ کے آخر میں "ین" لگا کر جمع بنائیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| واحد | سامع | مہاجر | حاضر | زائر |
| جمع | سامعین | مہاجرین | حاضرین | زائرین |

اگر اسم جاندار ہو تو جمع بنانے کے لیے کونسا لفظ لگاتے ہیں؟

5۔ جملوں کو زمانے کے مطابق تلاش کر کے نیچے لکھیں

| فعل ماضی | فعل حال | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| علی کھانا کھاتا تھا۔ | سارہ جماعت میں اول آتی ہے۔ | حسن سیر کے لیے جائے گا۔ |
| عائشہ سکول جاتی تھی۔ | آمنہ قرآن مجید کی تلاوت کرتی ہے۔ | کل ہم لاہور جائیں گے۔ |

لکھائی کی مہارت:

اشعار کی نثر بنائیں:

شعر نمبر 1: نثر۔ تو نے بہتے ہوئے پانی میں مچھلی بنائی اور تو نے ہی مچھلی کے تیرنے کے لیے بہتا ہوا پانی بنایا۔

شعر نمبر 2: نثر۔ ہر چیز میں تیری ہنر مندی نظر آتی ہے۔ اور تو نے دنیا میں کوئی بھی چیز بے کار پیدا نہیں کی۔

۶۔ جملے بنائیں: (نوٹ: بچوں کو خود بھی جملے بنانا سکھائیں)

## سبق نمبر۲۔ نعت

تفہیم

ا۔ ان سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

الف۔ یتیموں اور غلاموں کے والی حضرت محمد ﷺ ہیں۔

ب۔ نسخہ کیمیا سے مراد سونا بنانے کا طریقہ ہے۔

ج۔ حضرت محمد ﷺ غارِ حرا سے اتر کر سوئے قوم کی طرف تشریف لائے۔

د۔ نعت کے شاعر الطاف حسین حالی ہیں۔

الفاظ سازی

2۔ مناسب الفاظ لگا کر مصرعے مکمل کریں۔

ا۔ رحمت ۲۔ غریبوں ۳۔ حرا ۴۔ ساتھ

۳۔ غلط املا کو درست کر کے لکھیں۔

1۔ ہم پاکستانی قوم ہیں۔

2۔ جابر بن حیان ایک عظیم کیمیا دان تھے۔

3۔ ہمیں مصیبت کے وقت دوسروں کے کام آنا چاہیے۔

4۔ اسلام سے پہلے عرب کی جاہل قوم مختلف قبائل میں بٹی ہوئی تھی۔

5۔ ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ فقیروں اور ضعیفوں کی مدد فرماتے تھے۔

۴ ۔ دیئے گئے الفاظ کے معانی لغت میں سے تلاش کر کے اپنی کاپی میں لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| ملجا | ٹھکانہ | ماویٰ | جائے پناہ |
| والی | آقا۔ رب | مولیٰ | آقا۔ خدا |
| زیر و زبر | خاتمہ کرنا | | |

5۔ دیئے گئے الفاظ میں سے مترادف اور متضاد الفاظ کی جوڑیا بنائیں اور اپنی کاپی میں لکھیں۔

| الفاظ م | متضاد ال | الفاظ | مترادف |
|---|---|---|---|
| سست | چست | حیات | زندگی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بنجر | زرخیز | سبزی | ترکاری |
| تر | خشک | احترام | عزت |
| نقلی | اصلی | خوب صورت | حسین |

متضاد اور مترادف کی تعریف !

6۔ جملوں کے مقابل دیئے گئے اصول پڑھیے اور ان کی مدد سے فعل اور فاعل میں مطابقت پیش کریں۔

ا۔ کھیلتے ہیں۔ 2۔ پڑھتا ہے۔ 3۔ لکھتی ہے۔ 4۔ آئی 5۔ بجائیں

لکھائی کی مہارت

7۔ دیئے گئے الفاظ کے جملے بنا کر اپنی کاپی میں لکھیں۔

نوٹ: ٹیچر بچوں کو خود جملے بنانا سکھائیں۔

8۔ اس شعر کی تشریح لکھیں۔

خطاکار سے در گزر کرنے والا بد اندیش کے دل میں گھر کرنے والا

تشریح: اس نظم میں شاعر الطاف حسین حالی بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ غلطی کرنے والوں کو معاف کر دیتے ہیں اور اپنے بدترین دشمنوں کے دلوں میں بھی محبت پیدا کر دیتے تھے۔ آپ ﷺ کی زندگی ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے۔